نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیرصدارت پنجاب ایگریکلچرل ریسرچ بورڈ کے 47ویں اجلاس کاانعقاد۔سیکرٹری زراعت پنجاب علی سرفراز حسین ودیگر بورڈممبران کی اجلاس میں شرکت۔35 کروڑ23لاکھ روپے سے زائدلاگت کے 21مختلف منصوبہ جات کی منظوری

پیداواری اہداف کے حصول کے لئے زرعی تحقیق کے ثمرات کاشتکاروں تک پہنچنا ضروری ہیں۔وزیر زراعت پنجاب سیدحسین جہانیاں گردیزی

لاہور07 ستمبر2022: جدید تحقیق کے ثمرات کاشتکاروں تک پہنچنا ضروری ہیں تاکہ اُن کی پیداواری لاگت میں کمی اورفی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوسکے۔زرعی منصوبہ جات مارکیٹ اور کمرشل پیمانے پر ڈیمانڈ کے مطابق ترتیب دیئے جائیں تاکہ عوام کو معیاری زرعی اجناس سستے داموں مل سکیں ان خیالات کا اظہار وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے پنجاب ایگریکلچرل ریسرچ بورڈ کے 47ویں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب علی سرفراز حسین و دیگر بورڈممبران بھی موجود تھے۔اجلاس میں چیف ایگزیکٹو پارب ڈاکٹر عابد محمود نے ایجنڈہ پیش کیا۔اجلاس میں پارب کی ایگزیکٹو کمیٹی کی جانب سے تجویز کردہ زراعت، لائیواسٹاک اور جنگلات کے 22 منصوبہ جات پیش کیے۔صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے بورڈممبران کی مشاورت سے 35 کروڑ23 لاکھ روپے سے زائد لاگت کے 21 منصوبہ جات کی منظوری دی۔اس موقع پر صوبائی وزیرزراعت نے کہا کہ زرعی سائنسدانوں کو قومی پیداوار میں اضافے اور بہتر آؤٹ پٹ کے لیے اپنا تعمیری کردار ادا کرنا ہوگا۔زرعی منصوبہ کی کمرشل پیمانے پر عملدرآمد کی ضرورت ہے جس سے کاشتکاروں کے منافع میں اضافہ کے علاوہ عوام کی ڈیمانڈ پوری ہو اور قیمتوں میں بھی استحکام پیدا ہو سکے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب علی سرفراز حسین نے کہا کہ ریسرچ کا مقصد "ریسرچ برائے ریسرچ" نہیں ہونی چاہیے بلکہ ایسی اقسام کی تیاری ہونا چاہیے جو تجارتی پیمانے پر کاشتکاروں کے منافع میں اضافہ کرسکیں۔انھوں نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ منصوبہ جات کو ترجیح دینے کی ہدایت کی۔جلاس میں بورڈممبران ممبرصوبائی اسمبلی مسز شاہدہ احمد، سیکرٹری زراعت پنجاب علی سرفراز حسین، ترقی پسند کاشتکار وصدر کسان اتحاد خالد کھوکھر سمیت دیگر ممبران نے شرکت کی

☆☆☆☆